© rasailojaraid.com

عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆ ڈاکٹر قدیر خان، ڈاکٹر آف سائنس کی سولہ اعزازی ڈگریوں کے حامل ہیں۔ (ایک خبر)

اے روشنیٔ طبع، تو برمن بلا شُدی!

☆ صدر کی تقریر پر، اکثر علماء مشائخ، سر ہلاتے رہے۔ (ایک خبر)

غزالوں کا لشکر، شغالوں کی ڈار بدلنے چلی ہے خدا کا نظام

☆ ڈاکٹر قدیر معصوم ہیں، مشرف کو مناظرے کا چیلنج کرتی ہوں۔ (بے نظیر)

پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے

☆ سربراہی کانفرنس میں، پاکستان روشن خیالی کو نمایاں کریں گے۔ (وزیر اعظم جمالی)

دخترانِ ملک و ملت، رقص فرماتی رہیں اس نئی تہذیب میں، روشن خیالی ہے یہی

☆ ہم نے اپنے گندے کپڑے خود دھوئے ہیں۔ (وزیر خارجہ قصوری)

مُلکی سائنسدانوں کی تیس سالہ خدمات کا اعزاز!

☆ اسلامی مدارس کو اپنا نصاب تبدیل کرنا ہوگا۔ (کولن پاؤل)

اعلان سُن رہے ہو عزیزانِ محترم! رُوحِ محمد اپنے بدن سے نکال دو

☆ ایٹمی اثاثوں کی حفاظت کے لئے بیرونی امداد نہیں لی۔ (پاکستان)

امریکہ، پاکستانی ایٹمی ہتھیاروں کے تحفظ کے لئے، کئی ملین ڈالر خرچ کر چکا ہے۔ (امریکی عہدیدار)

☆ امن پر یقین رکھتا ہوں۔ (صدر بش)

عراق اور افغانستان میں قائم کئے جانے والے امن پر؟

☆ ڈاکٹر قدیر سمیت کوئی قانون سے بالاتر نہیں، نہ کسی کو بخشا جائے گا۔ (وزیر خارجہ قصوری)

معافی کے بعد تذلیل! چہ معنی دارد!

☆ علماء و مشائخ کانفرنس کے بعض شرکاء نے ہوائی ٹکٹ بیچ کر بسوں میں سفر کیا۔ (نیوز لنک کا دعویٰ)

یہ لوگ سرِ بازار خدا بیچ رہے ہیں اسلام کے چہرے کی ضیاء بیچ رہے ہیں

☆ پوچھ گچھ کے دوران، ڈاکٹر قدیر کو دل کا دورہ۔ (ایک خبر)

ہُن تے لوکو لگدا اے پئی لال ہنیری آوے گی امرت پیون والے نے وی، زہر دی چُونڈی پھکّی اے

© rasailojaraid.com